انڈیا INS INDIA
WORLD'S NO-1-URDU NEWS AGENCY

ہند-چین سرحدی امور پر مشورہ وارتباط کے لیے مجلس عاملہ کی چھٹی میٹنگ

30اپریل،2014

ہند-چین سرحدی امور پر مشورہ وارتباط کے لیے مجلس عاملہ کی چھٹی میٹنگ بیجنگ میں 30_28اپریل کو منعقد ہوئی۔ ہندوستانی وفد کی سربراہی کے فرائض جوائنٹ سکریٹری جناب گوتم بمباوالا نے انجام دیئے جن کے ساتھ وزارت خارجہ، وزارت دفاع اور داخلہ وہندوستانی فوج اور ہند تبتی پولیس کے اہلکار بھی موجود تھے جبکہ چین کی جانب سے شرکت کرنے والے وفد کے سربراہ سرحدو بحری امور کے ڈائریکٹر جنرل جناب اویانگ یونگ تھے جن کے ساتھ وزارت خارجہ اور داخلہ کے نمائندوں پر مشتمل ایک جماعت تھی۔ ہندوستانی وفد نے نائب وزیر خارجہ عزت مآب جناب لوئی زینمن سے بھی ملاقات کی۔

یہ دوستانہ، تعمیری اور مستقبل کے پیش نظر گفتگو ایسے وقت میں عمل میں آئی جب کہ ہند-چین ہندوستان سرحد کے بلندی والے علاقوں میں موسم تبدیل ہورہا ہے۔ دونوں ممالک نے اس بات پر اتفاق ظاہر کیا کہ امن وسلامتی کی بقادونوں ممالک کے دورخی تعلقات میں بہتری کے واسطے انتہائی اہم ہے۔ گفتگو میں حالیہ واقعات پر بھی نظر ثانی کی گئی خاص طور پر سرحد کے مغربی علاقوں میں اور سرحدی دفاع میں تعاون اور دیگر اعتماد پیدا کرنے والے اقدامات پر گفتگو ہوئی۔ کیلاش مان سرور سفر کے لئے ایک متبادل راستہ بھی پیش کیا گیا۔

ہندوستان وچین سرحدی امور پر مشورہ وارتباط کی مجلس عاملہ اپنے قیام سے لے کر اب تک دوسال کے عرصہ میں چھ میٹنگ منعقد کرچکی ہے۔ یہ سرحدی امور سے متعلق انتظام وانصرام کی ایک اہم تنظیم بن چکی ہے۔ ساتویں میٹنگ کا انعقاد باہمی طور پر طے شدہ پر مناسب وقت پر ہوگا

30اپریل،2014

نئی دہلی

I-91, Lubna House, Batla House, Jamia Nagar New Delhi-110025, Ph:26982149,26985681